# فہرست

# حیض و نفاس میں ناخن کاٹنا

اگر حیض و نفاس مکمل بند ہوگیا ہے مگر عورت نے غسل نہیں کیا تو اس حالت میں ناخن کاٹنا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ اب یہ جنبی کی طرح ہے یعنی اب اس پر غسل فرض ہے ،جیسے جنبی کو ناخن کاٹنا مکروہ تنزیہی ہے اس کے لئے بھی مکروہ ہے اور اگر حیض و نفاس بند نہیں ہوا تو ناخن کاٹ سکتی ہے اس حالت میں مکروہ بھی نہیں کیونکہ اس صورت میں ابھی اس پر غسل فرض نہیں تو جس طرح پاک شخص کو ناخن کاٹنا مکروہ نہیں اس کو بھی نہیں۔



مولانا فراز عطاری مدنی

fb.com/farazattarimadani

سوال : نئے کرنسی نوٹ کو پرانے نوٹ کے بدلے میں زیادہ پیسے لے کر بیچنا کیسا؟

جواب: ملکی یا غیر ملکی کرنسی نوٹ کو نوٹ کے بدلے زیادہ قیمت پر ہاتھوں ہاتھ یعنی دونوں طرف سے نقد ادائیگی کے ساتھ بیچنا جائز ہے، ایک طرف سے بھی ادھار ہو تو ناجائز ہے۔

مولانا فراز عطاری مدنی



farazattarimadani



## سوال: صدقہ فطر کس پر واجب ہے؟

جواب: صدقہ فطر اس آزاد مسلمان پر واجب ہے جو صاحب نصاب ہو اور اس کا نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ ہو۔

## مالک نصاب:

جس کے پاس 7.5 تولہ سونا یا 52.5 تولہ چاندی یا 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر رقم( ملکی/ غیر ملکی کرنسی/پرائز بانڈ) ہو یا 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر مال تجارت( جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی ) ہو یا اتنی مالیت کا حاجت اصلیہ(ضروریات زندگی جن کی عموما انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور ان کے بغیر گزارا کرنے میں دشواری محسوس ہوتی ہے) سے زائد سامان ہو۔

یاد رہے اگر اوپر ذکر کی گئی چیزوں میں بعض ہیں اور وہ 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر پہنچ جائیں تو بھی صاحب نصاب کہلائے گا۔

## زکوۃ اور صدقہ فطر میں فرق:

زکوۃ میں سال گزرنا،بالغ ہونا اور مال کا نامی ہونا شرط ہے جبکہ صدقہ فطر میں سال گزرنا ضروری نہیں بلکہ عید کے دن صبح صادق کے وقت اوپر بیان کردہ نصاب کا مالک تھا تو صدقہ فطر واجب ہوگا اگرچہ اس رقم کا صبح صادق سے کچھ دیر پہلے مالک بنا ہو۔اسی طرح زکوۃ مخصوص اموال پر لازم ہوتی ہے جبکہ صدقہ فطر میں یہ شرط نہیں اگر گھر کا سامان جو حاجت اصلیہ سے زیادہ ہے اگر اس کو بھی شامل کیا جائے اور سب 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائیں تو صدقہ فطر واجب ہوگا۔اسی طرح زکوۃ نابالغ پر فرض نہیں جبکہ صدقہ فطر نابالغ پر بھی ہوگا، اگر بچہ خود صاحب نصاب ہے تو اس کے مال میں سے فطرہ ادا کیا جائے گا ورنہ مالک نصاب اپنی نابالغ اولاد کا صدقہ فطر ادا کرے گا۔

مولانا فراز عطاری مدنی

farazattarimadani

# فجر اور عصر کی نماز کے بعد سجدہ تلاوت



فجر اور عصر کی نماز کے بعد مکروہ وقت سے پہلے پہلے سجدہ تلاوت کرنا جائز ہے۔ مکروہ وقت میں سجدہ تلاوت کرنے کے بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر مکروہ وقت ہی میں آیت سجدہ پڑھی تو سجدہ تلاوت کر سکتے ہیں اور اگر مکروہ وقت سے پہلے آیت سجدہ پڑھی تھی تو اب مکروہ وقت میں سجدہ تلاوت نہیں کر سکتے۔

farazattarimadani

# نماز عید کی ایک رکعت رہ جائے تو کیسے پڑھیں

نمازِ عید کی اگر ایک رکعت رہ گئی تو اس کو پڑھنے کا درست طریقہ یہ ہے کہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد جب اپنی ایک رکعت پڑھنے کھڑا ہوگا تو پہلے قراءت کرے گا پھر تکبیریں کہے گا فتوی اسی پر ہے لیکن اگر کسی نے اس کے خلاف کیا یعنی پہلے تکبیریں کہ لیں پھر قراءت کی تو نماز درست ہو جائے گی۔

﴿مبسوط للسرخسی، بدائع الصنائع، فتح القدیر، شامی، بحر الرائق وغیرہم﴾

مولانا فراز عطاری مدنی



# آنکھیں بند کرکے نماز پڑھنا

آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنا مکروہ
تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے اگر کسی نے پڑھی تو
نماز ہوجائے گی مگر کسی کو
آنکھیں کھول کر نماز پڑھنے میں خشوع
حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے
مکروہ تنزیہی بھی نہیں بلکہ اس کے لئے
آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنا بہتر
ہے۔

مولانا فراز عطاری مدنی

(ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، ج2، ص499)



# اھم مسئلہ

فجر، جمعہ و عیدین کی نماز کا سلام وقت کے اندر پھرنا ضروری ہے اگرچہ ایک ہی طرف سلام پھر جائے، اگر سلام پھرنے سے پہلے وقت ختم ہوگیا تو یہ نمازیں نہیں ہوں گی بلکہ دوبارہ پڑھنی ہونگی البتہ ان نمازوں کے علاوہ یعنی ظہر، عصر، مغرب و عشاء میں دوران نماز اگلی نماز کا وقت آجائے تو نماز مکمل کریں گے اگرچہ سلام اگلی نماز کے وقت میں پھرے نماز درست ہوجائے گی البتہ بلا عذر اتنی تاخیر کرنا منع ہے۔

(حاشية الطحطاوي على المراقي،رد المحتار،فتاوى رضويه وغيرهم)



## نوٹ:-

بات واضح ہے مگر پھر بھی ایک وضاحت کردوں کہ ظہر، عصر، مغرب و عشاء والی صورت میں جو نماز پڑھ رہے ہیں اس کی تکبیر تحریمہ اس کے اپنے وقت میں ہی ہونا ضروری ہے۔

فراز عطاری مدنی

farazattarimadani

# تصویر کے سامنے نماز پڑھنا

جس جگہ نماز پڑھی جارہی ہے اس جگہ تصویر کے ہونے سے نماز اس صورت میں مکروہ تحریمی(ناجائز اور گناہ) ہوگی جب 5 باتیں پائی جائیں اگر ایک بھی کم ہے تو نماز مکروہ تحریمی نہیں ہوگی بلکہ بعض صورتوں میں مکروہ تنزیہی اور بعض صورتوں میں کوئی کراہت(مکروہ ہونا) نہیں ہوگی۔

1- تصویر مکمل قد کی ہو


2- تصویر کے نقوش واضح ہوں

3- تصویر چھپی ہوئی نہ ہو

4- نمازی کے سامنے ہو

5- تعظیم کے ساتھ لٹکی ہو یا رکھی ہو۔

(جد اللمتار،ج 2،ص 406 تا 409)



farazattarimadani

# پرافٹ یا سود

آج کے دور میں انویسمنٹ کا یہ طریقہ کافی رائج ہے کہ کسی کو پیسے دے کر طے کرلیا جاتا ہے کہ ماہانہ نفع دیتے رہنا اور اصل رقم اسی طرح محفوظ رہتی ہے یعنی واپسی پر وہ انویسٹ کی ہوئی رقم پوری پوری مل جاتی ہے یاد رکھیں یہ سودی طریقے کار ہے وجہ یہ ہے کہ اس طریقے کے مطابق جو رقم دی جارہی ہوتی ہے اس کی حیثیت قرض کی ہوتی ہے اور جو نفع مل رہا ہوتا ہے وہ قرض پر مل رہا ہوتا ہے اور **حدیث پاک میں ہے:** "ہر وہ قرض جو نفع لے کر آئے وہ سود ہے" لہذا انویسمنٹ کا یہ طریقے کار سودی ہے اس کا درست طریقہ اختیار کیا جائے شراکت یا مضاربت کی صورت بنا لی جائے

**نوٹ:** سود کے موضوع پر تفصیلی بیان ہمارے یوٹیوب پر دیکھیں

farazattarimadani



# مسبوق اگر سلام پھیر دے تو

امام کے پہلی رکعت کے رکوع سے اٹھنے کے بعد شامل ہونے والا نمازی جو آخر تک شامل رہے **مسبوق** کہلاتا ہے۔

امام یا تو نماز سے باہر آنے کے لئے سلام پھیرے گا یا سجدہ سہو کے لئے.


## دونوں کی تین صورتیں ہیں:

اگر مقتدی نے جان بوجھ کر سلام پھیرا تو چاہے امام نماز سے باہر آنے کے لئے سلام پھیرے یا سجدہ سہو کے لئے مسبوق کی نماز ٹوٹ جائے گی

اگر مقتدی نے امام سے پہلے یا ساتھ ساتھ سلام پھیرا تو چاہے امام نماز سے باہر آنے کے لئے سلام پھیرے یا سجدہ سہو کے لئے نہ نماز ٹوٹے گی نہ سجدہ سہو لازم آئے گا

اگر مسبوق نے امام کے بعد سلام پھیرا تو اگر امام نے نماز سے باہر آنے کے لئے سلام پھیرا تو سجدہ سہو واجب ہوگا اور اگر سجدہ سہو کے لئے سلام پھیرا تو سجدہ سہو لازم نہیں

(رد المحتار،ج-2)



# سسرال سے میکے

عورت شادی کے بعد سسرال آگئی اور سسرال ہی میں رہنے لگی تو اگر سسرال شرعی مسافت (کم از کم 92 کلومیٹر) کے فاصلے پر ہے تو جب میکے میں 15 دن سے کم ٹھہرنے کی نیت سے آئے گی تو قصر (چار رکعت والے فرض کو دو) پڑھے گی اور اگر میکے رہنا نہیں چھوڑا بلکہ سسرال عارضی طور پر گئی تو میکے آتے ہی سفر ختم ہوگیا اب نماز پوری پڑھے گی۔

(بہار شریعت، حصہ 4، مسافر کی نماز)







# شوہر کندھا دے سکتا ہے؟

عورت کا انتقال ہوجائے تو شوہر اسے نہلا نہیں سکتا نہ ہی بلا حائل چھو سکتا ہے لیکن چہرہ دیکھنے، کندھا دینے اور قبر میں اتارنے میں کوئی حرج نہیں۔

(در مختار، ج3، ص105)

Faraz Attari Madani




# سنت غیر مؤکدہ

عصر اور عشاء کے فرضوں سے پہلے کی چار رکعتیں **سنت غیر مؤکدہ** ہیں یعنی پڑھے تو ثواب اور نہ پڑھے تو گناہ نہیں۔

**سنت غیر مؤکدہ** اور چار رکعت والے نوافل کی دوسری رکعت میں التحیات کے بعد **درود پاک** اور **دعا** پڑھنا اور تیسری رکعت کے شروع میں **ثنا** اور **تعوذ (اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم)** پڑھنا **سنت** ہے

(درمختار، ج2، ص552)







# زندگی میں وراثت

آج کے دور میں اولاد والدین کی **حیات** میں ان سے کہتی ہے ہمیں ہمارا حصہ دے دیں یا والدین پوچھتے ہیں کہ ہم اپنی **حیات** میں **وراثت** دینا چاہتے ہیں کیسے **تقسیم** کریں، تو یاد رکھیں **وراثت** کے احکام مرنے کے بعد جاری ہوتے ہیں، زندگی میں بطور **وراثت** کسی کا اس میں حق نہیں ہوتا لہذا اولاد یا کسی اور کا زندگی میں **وراثت** کا مطالبہ کرنا درست نہیں البتہ اگر کوئی زندگی میں اپنی اولاد میں اپنا مال **تقسیم** کرنا چاہتا ہے تو بہتر یہی ہے کی سب کو برابر برابر دے لیکن اگر کسی کو زیادہ دیا اور **حقیقی ورثا** کو محروم کرنے کی نیت نہیں تو زیادہ دینا بھی **جائز** ہے بلکہ اولاد میں اگر کوئی طالب علم دین یا عالم ہو یا والدین کی خدمت زیادہ کرتا ہو تو اس کو زیادہ دینے میں **حرج** نہیں۔

(ملخصا: عالمگیری، کتاب الھبۃ)


# آیت سجدہ

کا ترجمہ پڑھنے یا سننے سے بھی

**سجدہ تلاوت واجب**

ہو جاتا ہے۔

(عالمگیری، ج1، ص133)







# موبائل میں قرآن

موبائل اسکرین پر اگر
قرآن پاک کھلا ہوا ہو تو
بہتر یہی ہے کہ با وضو ٹچ
(touch) کیا جائے لیکن
اگر کسی نے بے وضو بھی
ٹچ کیا تو گناہ نہیں۔



Faraz Attari Madani



# رات کے وقت ناخن کاٹنا کیسا؟

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ رات
کے وقت ناخن کاٹنے سے نحوست آتی ہے تو ایسا
کچھ نہیں ہے، رات کے وقت ناخن کاٹنا بالکل جائز ہے۔

(عالمگیری، جلد 5)

Faraz Attari Madani

# مسئلہ






موبائل، لیپ ٹاپ یا چینل پر آیت سجدہ سننے سے سجدہ تلاوت واجب نہیں ہوتا چاہے ان پر تلاوت لائیو ہو رہی ہو یا ریکارڈ ہو۔

**اٹیچ باتھ** (attach bath) کے اندر وضو کرتے
ہوئے بسم اللہ، دعائیں یا وظائف نہیں پڑھ سکتے ہاں اگر اٹیچ
باتھ ایسا ہو کہ ٹائلٹ اور باتھ روم کے درمیان دیوار، دروزاہ یا
لوہے یا لکڑی کی چادر، شیٹ لگادی جائے کہ دونوں جدا حیثیت
اختیار کرجائیں تو اب باتھ روم والے حصے میں وضو کرتے
ہوئے یہ سب پڑھنا جائز ہوجائے گا۔








کسی کا وائی فائی (wifi) اس کی اجازت کے بغیر استعمال کرنا
ناجائز ہے اگرچہ اس نے پاسورڈ نہ لگایا ہو البتہ بعض ہوٹلوں یا
بلڈنگوں وغیرہ میں (open wifi) کی سہولت اسی لئے ہوتی ہے
کہ آنے والے استعمال کر سکیں لہذا اس کا استعمال دلالۃ اجازت
(understood) ہونے کی وجہ سے جائز ہے۔